بلدیاتی حلقہ بندی میں تبدیلی، ضلع چنار محل کی 14 یونین کونسلیں نئی حدود میں شامل

(نمائندہ خصوصی / اسٹاف رپورٹر)

ضلع چنار محل کی بلدیاتی حلقہ بندی میں تبدیلی کے بعد 14 یونین کونسلیں نئی حدود میں شامل کر دی گئی ہیں۔ یہ فیصلہ جمعرات کو ضلع کونسل چنار محل کے ہنگامی اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل سید ذوالفقار حسین بخاری نے کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر چنار محل، ایس ایس پی، ضلع کونسل کے 41 ارکان اور مختلف تحصیلوں کے ٹاؤن ناظمین نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نئی حلقہ بندی کے بعد ضلع کونسل کے ارکان کی تعداد 41 سے بڑھ کر 53 ہو جائے گی۔

اجلاس کو بتایا گیا کہ نئی حلقہ بندی کے بعد ضلع کونسل کے ارکان کی تعداد 41 سے بڑھ کر 53 ہو جائے گی۔